
HBL

HABIB BANK
حبیب بینک

Jubilee
LIFE INSURANCE



# بلندی آپ کا مقام

# شندور

جوبلی لائف میں ہم جانتے ہیں کہ پیسے کے حصول کے لئے جتنی محنت درکار ہے، اتنا ہی بدل پیسے کو بھی دینا چاہئے۔ جوبلی لائف، حبیب بینک لمیٹڈ کے ذریعے پاکستان میں پہلی بار ایسی لائف انشورنس پراڈکٹ یعنی "شندور پلان" پیش کر رہی ہے، جو زیادہ نیٹ اثاثوں کے مالک افراد کی مالی ضروریات پوری کرنے کی کوشش ہے۔ یہ نہ صرف آپ کے سرمائے کے لئے زیادہ سے زیادہ مالیت کی تجاویز پیش کرتا ہے بلکہ ٹیکس میں کمی کے باعث سرمائے میں اضافے کا سبب بھی ہے۔ آپ کو 15000 روپے یومیہ تک ہاسپٹلائزیشن بینیفٹ منتخب کرنے کا موقع بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ جوبلی لائف، حبیب بینک لمیٹڈ کے ساتھ آپ کو ایک منفرد پراڈکٹ منافع بخش فوائد کے ساتھ پیش کر رہی ہے۔

## پراڈکٹ کی خصوصیات:

- آپ اپنے سالانہ پریمیئم کے لئے اپنی مالی استطاعت کے مطابق رقم منتخب کر سکتے ہیں۔
- آپ پریمیئم کی ادائیگی سالانہ یا ششماہی بنیادوں پر کر سکتے ہیں۔
- آپ اپنی ضرورت کے مطابق تحفظ کی سطح کا ازخود تعین کر سکتے ہیں۔
- اپنے تحفظ کو بڑھانے کیلئے مزید انشورنس فوائد میں سے کسی کا بھی انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

## اہلیت:

اگر آپ کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہے تو آپ شندور پلان سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

یہ پلان 10 سال سے 25 سال کی مدت تک کے لئے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ (بشرطیکہ پلان کی تکمیل تک زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال ہو۔)

## نوٹ:

برائے مہربانی HBL کی منتخب کردہ شاخوں میں موجود جوبلی لائف کے نمائندوں سے رابطہ کریں جو آپ کی ضرورت کے مطابق مناسب منصوبے کی تیاری میں آپ کی مدد کریں گے۔ HBL کی شاخوں کی تفصیل www.hbl.com پر دیکھی جاسکتی ہیں۔

## پراڈکٹ کے فوائد (بینیفٹس):

### موت کی صورت میں تحفظ:

آپ کے انتقال کی صورت میں آپ کے نامزد کردہ لواحقین کو بیمہ شدہ رقم یا آپ کے فنڈز کی مجموعی کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو) ادا کی جائے گی۔

### ایڈہاک (ٹاپ اپ پریمیئم):

آپ کے پاس فاضل رقوم کسی بھی مرحلے پر دستیاب ہوسکتی ہیں۔ آپ اپنی باضابطہ

سرمایہ کاری میں اس پلان کے تحت ایڈہاک پریمیئم کی ادائیگیوں کے ذریعے اضافہ کرسکتے ہیں۔ یہ رقوم اس وقت کی جاری کردہ قیمت پر یونٹ اکاؤنٹ میں لگائی جائیں گی۔

## آٹومیٹک کور مینٹیننس:

اگر پالیسی کے پہلے سال کے بعد آپ پریمیئم کی ادائیگی نہ کرسکیں تو بھی آپ انشورنس کور کے اس وقت تک اہل ہوں گے جب تک آپ کے منصوبے کی کیش ویلیو آپ کی پالیسی پر عائد چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

## اختیاری فوائد (بینیفٹس):

منصوبے کی لچک آپ کو اضافی اختیاری رائڈرز کے انتخاب کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔

## فیملی انکم بینیفٹ:

آپ کے انتقال کی صورت میں تسلسل سے ہونے والے اخراجات، جیسا کہ اسکول کی فیس کے لئے باقاعدہ اضافی آمدنی، آپ کے خاندان کو ایک مقررہ مدت تک دیگر فوائد کے علاوہ ادا کی جائے گی۔

## سنگین بیماری:

کسی مصدقہ سنگین بیماری کی تشخیص ہونے کی صورت میں انتقال کے بینفٹس آ پکو پیشگی ادا کردیے جائیں گے۔

## اسپتال کے علاج کے لئے نقد رقم:

HBL شندور کے صارفین کسی بھی بیماری کی صورت میں اسپتال میں داخل ہوں تو اُن کو روزانہ 15000 روپے تک کی رقم ادا کی جائے گی۔ شندور صارفین کے علاوہ یہ رقم 3500 روپے یومیہ ہے۔ اگر کسی بیان کردہ سنگین بیماری کے باعث اسپتال میں رہنا پڑے تو اس سہولت کو دُگنا کر دیا جائے گا۔ انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں داخلہ کی صورت میں 50% اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ اس بینیفٹ کے تحت شریک حیات اور بچوں کا کور بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## حادثاتی موت:

حادثاتی موت کی صورت میں آ پکو اضافی تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ انتقال پر اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

## حادثاتی موت اور معذوری:

اس بینیفٹ کے تحت کسی حادثے کی صورت میں ہونے والی موت یا معذوری پر مزید اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

## مستقل مکمل معذوری:

مستقل مکمل معذور ہونے پر وہ رقم پیشگی ادا کردی جائے گی جو موت کی صورت میں قابلِ ادائیگی ہو۔

## پریمیئم کی ادائیگی سے چھوٹ:

اگر آپ اپنی بیماری یا معذوری کے باعث کم از کم چھ ماہ کے عرصہ تک اپنا موجودہ پیشہ / کوئی اور پیشہ (جو کہ مناسب علم، تربیت اور تعلیم کے ذریعہ) اپنایا جا سکتا ہو جاری نہ رکھ سکیں تو Jubilee Life مستقبل کا پریمیئم خود ادا کرے گی۔

## پریمیئم کی ادائیگی:

کم از کم قابل ادائیگی پریمیئم مندرجہ ذیل ہیں:

| مدت | کم از کم قابل ادائیگی رقم |
|---|---|
| سالانہ | 250,000 روپے |
| ششماہی | 125,000 روپے |

## تعین کردہ پریمیئم:

یونٹ اکاؤنٹ کے لئے مقرر کردہ پریمیئم مندرجہ ذیل ہے:

| پہلے سال | دوسرے سال | تیسرے اور چوتھے سال | پانچویں سال | چھٹے سال | ساتویں سال | آٹھویں اور نویں سال | دسویں سال | اگیارویں سال | ایڈہاک |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 65% | 95% | 100% | 103% | 100% | 107% | 100% | 115% | 100% | 100% |

* 15 ویں سال اور اس کے بعد ہر پانچویں سال بونس ایلوکیشن 5 فیصد سے بڑھے گی۔

## فنڈز:

اوپر دیئے گئے ٹیبل کے مطابق آپ کے متعین کردہ پریمیئم آپ کی پسند کے فنڈ (فنڈز) میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کئے جائیں گے۔ یہ فنڈز ماہر سرمایہ کاری مینجرز کے زیر انتظام ہوتے ہیں اور ان کو پریمیئم سیکورٹیز کی تائید حاصل ہوتی ہے۔

## مینجڈ فنڈ:

اس فنڈ کا مقصد متوازن سطح کے وسیع رینج والے شیئرز، حکومتی اور فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور دیگر کیش ڈپازٹس میں ایسی سرمایہ کاری ہے جس سے سرمایہ میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ہو سکے۔

## یقین گروتھ فنڈ:

یقین گروتھ فنڈ کا مقصد ایسے سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرنا ہے جو کہ مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئڈ سرمایہ کاری سے مناسب منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

## میثاق فنڈ:

میثاق فنڈ کا مقصد ایسے سرمایہ کاروں کو موقع فراہم کرنا ہے جو کہ سود سے پاک سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ میثاق فنڈ کے ذریعہ منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامی بینکوں کے شارٹ ٹرم ڈپازٹس، اسلامی میوچول فنڈز، اسلامی بینکوں کے فکسڈ انکم فنڈز اور دیگر سود سے پاک سرمایہ کاری میں آپ کی رقم لگائی جاتی ہے۔

## کیپٹل گروتھ فنڈ:

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈرز کے لئے اسٹاک کی بنیاد پر زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات پہ مبنی سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جس میں ٹرم فنانس سرٹیفکیٹ اور بینک ڈپازٹس شامل ہیں۔

**نوٹ:** جوبلی لائف کے فنڈز کے یونٹ نرخ صف اول کے روزناموں میں اور جوبلی لائف کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

## کیا شندور مجھے اپنا سرمایہ واپس نکالنے کی اجازت دیتا ہے؟

شندور کے تحت، آپ کو مکمل آزادی حاصل ہوگی کہ آپ جزوی یا مکمل طور پر اپنا سرمایہ واپس لے سکتے ہیں۔

## جزوی رقم نکالنے کے لئے:

اگر آپ کسی ہنگامی صورت حال کے باعث رقم نکالنا چاہتے ہیں، لیکن اپنی پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ کوئی بھی رقم نکال سکتے ہیں۔ شرط یہ ہے کہ رقم نکالنے کے بعد آپ کی پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو 250,000 روپے سے زیادہ یا اس کے برابر ہونی چاہیے (کمپنی باقی ماندہ کیش ویلیو کی اس رقم پر کسی بھی وقت نظر ثانی کا اختیار رکھتی ہے) جزوی طور پر کوئی رقم نکالنے کے باوجود آپ کو لائف انشورنس کور حاصل رہے گا۔ لیکن بیمہ شدہ رقم میں سے آپ کی جانب سے نکالی گئی رقم کی کٹوتی کرلی جائے گی۔ پالیسی کے پہلے دو سال مکمل ہونے کے بعد جزوی دستبرداری کے کوئی چارجز نہیں ہوں گے۔

## پالیسی سے مکمل دستبرداری:

پالیسی سے مکمل دستبرداری کے وقت آپ کو آپ کے فنڈ کی مالیت کے مطابق نیٹ آف سرینڈر چارج کی بنیاد پر ادائیگی کی جائے گی۔ پالیسی کے دو سال کے دوران دستبرداری کی صورت میں سرینڈر چارجز یونٹ کی بڈ ویلیو کے مطابق لاگو ہوں گے۔ پہلے دو سالوں کے بعد مکمل دستبرداری کی صورت میں کوئی چارجز لاگو نہیں ہوں گے۔ پالیسی کے ابتدائی دو سالوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے۔

## فری لُک عرصہ:

Jubilee Life کی جانب سے آپ کو 14 دن کا فری لُک عرصہ دیا جائے گا جس

کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکیں گے اور اگر چاہیں تو اسے منسوخ بھی کر سکیں گے۔ پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر آپ کی جانب سے تحریری درخواست موصول ہونے کی صورت میں پریمیئم آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔ برائے مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ Jubilee Life طبی معائنہ پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی کی مجاز ہے۔

## چارجز:

ابتدائی برسوں میں کم ایلوکیشن کے ساتھ منصوبہ پر درج ذیل چارجز بھی عائد ہوں گے:۔

- فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- 150 روپے ماہانہ انتظامی فیس (جس پر کمپنی کسی وقت بھی نظر ثانی کر سکتی ہے)
- 5% بڈ آفر اسپریڈ
- لاگو مارٹیلٹی چارجز
- رائڈر چارجز، اگر کوئی ہوں
- پہلے دو سال میں مکمل / جزوی دستبرداری کی صورت میں 5% واجبات لیے جائیں گے۔ پہلے دو سال کے بعد کوئی چارجز نہیں ہوں گے۔

* کمپنی تمام چارجز پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

## شندور میں سرمایہ کاری کرنے سے کیا خطرات ہو سکتے ہیں؟

فنڈ کی کارکردگی اور مارکیٹ کے خطرات کی بنا پر یونٹس کی ویلیو کم یا بڑھ سکتی ہے یا بغیر تبدیلی کے اسی طرح رہ سکتی ہے۔ ان میں سے کسی بھی فنڈ کے مستقبل کی کارکردگی کے لئے گذشتہ کارکردگی کو پیمانہ نہیں بنایا جا سکتا۔

## رابطہ کی تفصیلات:

مزید تفصیلات کے لئے آپ HBL کی برانچوں میں جوبلی لائف انشورنس کے نمائندوں سے یا مندرجہ ذیل پہ رابطہ کر سکتے ہیں:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ
ہیڈ آفس 74/1-A، لالہ زار، ایم ٹی خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان
فون نمبر: (021) 35205094-95
فیکس نمبر: (021) 35610959
ای میل: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
ویب سائٹ: www.jubileelife.com
یونیورسل ایکسس نمبر: (111-111-JLI) (021) 111 111 554
ایس ایم ایس: ”JUBILEELIFE“ لکھ کر 8398 پر بھیجیں

## اعتذار

- یہ پراڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی طرف سے مرتب کردہ ہے۔ HBL اور اسکے منسلکہ ادارے نہ ہی اس پراڈکٹ کے ضامن ہیں اور نہ ہی یہ بینک کی پراڈکٹ ہے۔
- جوبلی لائف فنڈز کی ماضی کی کارگردگی انکے مستقبل کی کارگردگی کی ضامن نہیں ہے۔اس مد میں کسی بھی پیش گوئی اور جوبلی لائف فنڈ کی کارگردگی پر جوبلی لائف اور HBL جوابدہ نہیں۔
- ذاتی فوائد کی مثال آپکو ہمارا سیلز کا نمائندہ فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی دیئے گئے مفروضے کی شرائط وضوابط کا اچھی طرح مشاہدہ کرلیں۔
- شرائط وضوابط کے تفصیلی جائزے کے لیے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں۔
- HBL، جوبلی لائف کے لیے کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کا کام کررہا ہے اور کسی طور پر بھی کسی شخص، بیمہ شدہ فرد، یا وارث کو جوابدہ نہیں ہے۔
- جوبلی لائف اس پراڈکٹ کی تحریر کردہ ہے اور بیمہ شدہ افراد اور ورثاء کو کلیم کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار ہے۔
- کلیم سے متعلق معاملات کے لئے آپ بذریعہ UAN نمبر 554 111 111 (021) جوبلی لائف سے رابطہ کریں یا پھر JUBILEELIFE لکھ کر 8398 پر SMS کریں یا info@jubileelife.com پر ای میل کریں۔